## سوال

(18)جنت کے ایک گلاس شربت کی فضیلت پر سوال

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا جنتی جنت میں صرف ایک مرتبہ ایک گلاس شربت پینے سے پچاس ہزار برس سیر رہے گا۔ اوران کو بالکل بھوک وپیاس نہیں لگے گی۔ اورپچاس ہزار برس کا برس دینا کے مقدار برس ہوگا یا کم یا زیادہ؟ (سائل مذکور)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ شربت کا گلاس جوملے گا۔ وہ میدان حشر میں ملے گا جس اثر میدان حشر تک ہوگا۔ جنت میں جنتی خوب کھائیں پیئں گے۔ ارشاد ہوگا۔

كُلوا وَاشرَ‌بوا هَنيـًٔا بِما أَسلَفتُم كُلوا وَاشرَ‌بوا هَنيـًٔا بِما أَسلَفتُم فِى الأَيّامِ الخالِيَةِ ٢٤

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص154

محدث فتویٰ